مدنی مذاکرے کے

تنظیمی و دیگر مدنی پھول

محرم الحرام ۱۴۳۸ھ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

دُرُود شریف کی فضیلت

نَماز کے بعد حمد وثنا و دُرُود شریف پڑھنے والے سے پیارے آقا صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم نے فرمایا:

''دُعا مانگ قبول کی جائے گی، سوال کر، دیا جائے گا۔'' (نَسائی ص ۲۲۰ حدیث ۱۲۸۱)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مَدَنی مذاکرہ کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

۲۸ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۷ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	یکم اکتوبر 2016ء

☆ ......دودھ انسانوں اور ممالیا جانوروں (وہ جانور جو دودھ پیتے ہیں) کے لیے مُفید ہے۔ اس سے توانائی ملتی ہے، خالص دودھ ملے تو سب سے اچھا ہے۔

☆ ......بکری کا دودھ اچھا ہے، اگرچہ پتلا ہوتا ہے۔

☆ ......تھوڑا کھاؤ مگر حلال کا کھاؤ۔

☆ ......ساس، اگر بہو پر ظُلم کرے تو اسے صَبر ہی کرنا چاہیے۔

☆ ......مَدَنی بُرقع ہی شَرعی پَردہ نہیں بلکہ بڑی چادر سے بھی اَعضا چُھپ جائیں تو شَرعی پَردہ ہے۔

☆ ......ذمہ دار اسلامی بہنیں شَرعی پَردہ کریں، اَلبتہ جاذبِ نظر نہ ہو۔

☆ ......ذمّہ دار اسلامی بہنیں کسی کو مَدَنی بُرقع پہننے پر اِصرار نہ کریں، شَرعی پردہ ضروری ہے، مَدَنی بُرقع ضروری نہیں۔ (اگر کوئی عذر نہ ہو تو ذمہ دار اسلامی بہنیں خود مدنی برقع ضرور پہنا کریں)

☆ ...... ہر قابلِ اِحترام مسلمان کا اِحترام کرنا ضَروری ہے۔

۲اکتوبر2016ء	مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء)	۲۹ ذوالحجۃ الحرام ۱۴۳۷ھ

☆......جو تنہائی سے ڈرتا ہو، وہ تنہائی میں 129 مرتبہ یَا وَاحِدُ پڑھے۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ اُسے تنہائی سے ڈر نہیں لگے گا۔

☆......بچے کو بیماریوں سے بچانے کے لیے یہ اِقدامات کئے جائیں: ☆ماں اپنے بچے کو اپنا دودھ پلائے کیونکہ بچے کی پیدائش کے بعد 25 گھنٹے پورے ہونے سے پہلے ماں بچے کو اپنا دودھ پلا دے تو بچے کے پیٹ کے کئی جراثیم مرجاتے ہیں ☆جتنا ہو سکے بچے کو نیپی (ڈائپر) سے اِجتناب کیا جائے ☆ایک یا دو ماہ کے بعد ہلکی دھوپ میں رکھنے کی ترکیب بنائی جائے اور اس کی غذا میں انڈے کی زردی شامل کی جائے۔

☆......جب سورج طلوع یا غروب ہو تو 20/25 منٹ کی دھوپ چھوٹے بڑے سب کو مفید ہے۔

☆......ہر انسان کو تازہ ہوا اور دھوپ درکار ہوتی ہے۔

☆......واقعۂ کربلا اتنا دَردناک ہے کہ اسے سن کر دل میں غم کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے،اس میں حرج نہیں۔یہ اہلِ بیت کی محبت کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے،اَلبتہ اِرادۃً ایسا ماحول نہ بنایا جائے کہ ایسا محسوس ہو کہ سوگ منایا جارہا ہے۔

۳اکتوبر2016ء	مدنی مذاکرہ(بعدِ عشاء)	یکم محرم الحرام ۱۴۳۸ھ

☆......ہر وقت بچے کو نیپی (ڈائپر) پہنا کر نہ رکھیں، یہ بچے کی صحت کے لیے نقصان دہ ہے ضَرورت (مثلاً کہیں باہر جانا) ہو تو پہنائیں۔

☆......گاجر کے موسم میں روزانہ ایک گاجر کھانے سے بینائی تیز ہوتی ہے۔

☆......کہا جاتا ہے پھلوں میں سب سے زیادہ توانائی بخش سیب ہے ☆ سیب دل و دماغ کو تازگی پہنچاتا ☆ خون پیدا کرتا اور چہرے کا رنگ نکھارتا ☆ معدے کو طاقت دیتا ☆ کھانسی میں مُفید ☆ نظر اور حافظے کو تیز کرتا ☆ پتھری کی روک تھام کرتا ☆ کولیسٹرول اور کینسر کو روکتا ہے۔☆ خالی پیٹ سیب دودھ کے ساتھ کھانا مُفید

www.dawateislami.net

ہے۔

☆......کھٹّی چیزیں بلغم پیدا کرتی ہیں اور بلغم حافظہ کمزور کرتا ہے۔

☆...... اسلامی بہنیں محرم الحرام میں روزے رکھیں، گھر میں رہتے ہوئے عبادت کریں۔

☆......حضرت سیدنا خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ ظاہری شکل وصورت میں حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مشابہ تھے۔

☆......اللہ تعالیٰ کی بے نیازی کی طرف نظر رکھنے سے دل میں خوفِ خدا پیدا ہوتا ہے۔

☆......اللہ تعالیٰ کا عذاب بہت دَردناک ہے۔

۲ محرم الحرام ۱۴۳۸ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	4اکتوبر2016ء

☆......بیان کرتے ہوئے غلطی کا اِمکان کم سے کم ہو،اسی لیے میں اپنی کتابوں میں قراٰنِ مجید سے آیاتِ قرآنیہ پیسٹ کرواتا ہوں، علمائے اہلسنّت کو بھی چاہیے کہ اپنی کتابوں میں آیاتِ قرآنیہ پیسٹ کروایا کریں، اس سے مطالعہ اور بیانات کرنے والوں کو آسانی ہوگی۔

☆......گھر اور باہر دونوں جگہ حسنِ اخلاق کا پیکر بن کر رہیے ،لڑائی جھگڑے سے بچئے۔

☆......لہسن کی چٹنی کھانے سے ہاضِمہ دُرُست ہوتا ہے۔

☆......نہار منہ لہسن کی پوتھی (گانٹھ) کی ایک دو پھانک (جُوَا) کھانے سے کولیسٹرول کم ہوتا اور دانت کا دَرددُور ہوتا ہے۔

☆......کچّا لہسن کھانے سے منہ میں بدبو ہوجاتی ہے،ایسی حالت میں مسجد میں داخلہ منع ہے۔

☆......کچّا لہسن کھانے سے منہ میں بدبو ہوجائے تو اَجوائن چبانے سے منہ کی بدبو دور ہوجاتی ہے۔

☆......سب کو اردو زبان سیکھنی چاہیے۔

☆......ہم امامِ حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے غلام ہیں،اسی نسبت سے حسینی ہیں۔

☆......ایسے نام جو تنفیرِ عوام (لوگوں کی نفرت) کا باعث ہوں، وہ نام نہ رکھے جائیں۔

☆......''بیری کا درخت'' نہ کہا جائے، بیر کے درخت کو ''بیری'' کہتے ہیں۔

۳ محرم الحرام ۱۴۳۸ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	5 اکتوبر 2016ء

☆......مذاکرہ اور مکالمہ کا معنیٰ آپس میں سوال جواب اور گفتگو کرنا ہے۔

☆......مجھے مَدَنی بُرقع سب سے زیادہ پسند ہے، جو میری مَدَنی بیٹی مدنی بُرقع پہنے، یا اللہ عزوجل! وہ مرنے سے پہلے سبز سبز گنبد کی زیارت کرلے۔

☆مَدَنی بُرقع شَرعی پَردے کا اچھا ذریعہ ہے، میرے خاندان کی تقریباً سب بچیاں مَدَنی بُرقع پہنتی ہیں۔

☆......''حلیم'' اللہ عَزَّوَجَلَّ کا نام ہے، اس لیے کھچڑے کو حلیم نہ کہا جائے۔

☆......10 محرم کو نیکی کے کاموں میں اضافہ کرنا چاہیے۔

☆......دعوتِ اسلامی والوں کو ہر مہینے 3 دن کے مَدَنی قافلے میں سفر کرنا چاہیے۔

☆......مَدَنی قافلوں کے ذریعے مختلف مقامات پر مدنی ڈِش (Dish، ایسی ڈِش جس سے صرف مدنی چینل ہی آئے) لگوایئے، اس سے مَدَنی چینل عام ہوگا۔ جو مَدَنی ڈِش لگوائے، مرنے سے پہلے اللہ عَزَّوَجَلَّ اُسے مدینہ (ضرور) دکھائے۔

☆......حج کرنے والوں اور مدینہ شریف میں حاضر ہونے والوں کو مبارکباد دینا اچھا ہے۔

☆......جو مدینہ شریف سے جدائی پر واقعی غمگین ہو تو اس سے تعزیت کی جاسکتی ہے، ہر ایک سے نہ کی جائے۔

☆......مدینہ شریف چھوڑ آنے پر غم ہونا چاہیے، بلکہ غم پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

☆......دعوتِ اسلامی والے جب مدینے سے جدا ہوتے ہیں تو غمگین ہوتے اور روتے ہیں۔

☆......سفر میں جس کے پاس سامان کم ہوگا، وہ آسانی میں رہے گا۔

☆......بیر غذائیت میں عمدہ پھل ہے، پکا ہوا، اچھا بیر غذائیت میں سیب کی طرح ہے، پکا بیر فائدہ مند اور کچّا

www.dawateislami.net

نقصان دہ ہے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**بدشگونی**'' بہت معلوماتی رِسالہ ہے، سب کو مطالعہ کرنا چاہیے۔

٤ محرم الحرام **١٤٣٨ھ**	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	6اکتوبر2016ء

☆......جو دِین کا کام کرنا چاہتا ہے، وہ ذاتی دوستیوں سے اجتناب کرے۔

☆......گناہوں والی صحبت سے بچنا ضَروری ہے۔

☆......فی زمانہ نیک وصالح دوست کمیاب ہیں، نایاب نہیں۔

☆......جو ذِمّہ داران متحرک (Active) ہوتے ہیں، وہ ایک یا چند کے ساتھ دوستی نہیں کرتے، اُن کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا۔

☆......ذاتی دوستی اور موبائل اینٹی قفلِ مدینہ ہے۔

☆......آج عالمِ اسلام کی مشہور علمی اور دِینی شخصیت، حضرت علامہ شاہ ترابُ الحق قادری صاحب انتقال فرما گئے۔ انہوں نے مسلکِ اعلیٰ حضرت کا ڈَنکا بجایا اور دِین کی بہت خدمت کی۔ یہ سب سُنّیوں کے لیے صدمہ ہے۔ یہ زوردار مقرر اور سیِّد سادات وآلِ رسول تھے۔ میں ان کے خاندان اور مریدوں سے تعزیت کرتا ہوں۔

٥ محرم الحرام **١٤٣٨ھ**	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	7اکتوبر2016ء

☆......جو مرید پیر سے جتنی محبت کرے گا، پیر بھی اس سے اتنی محبت کرے گا۔

☆......پیرِ کامل کو راضی کرنے کا طریقہ یہی ہے کہ اس کی اِطاعت کرے۔

☆......دہی فائدے مند غذا ہے۔

☆......ہمیں مسلمانوں کا عیب چھپانے کا حکم ہے۔

٦ محرم الحرام **١٤٣٨ھ**	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	8اکتوبر2016ء

☆......اے کاش! زیرِ تعمیر مَدَنی مراکز فیضانِ مدینہ اور جن پر گنبد نہیں بنا ہوا، اُن سب میں مَدَنی گنبد (3 کلر

www.dawateislami.net

والا) بن جائیں۔

☆ ......جن فیضانِ مدینہ میں پہلے سے گنبد بنے ہوئے ہیں، شَرعی رہنمائی سے ان پر جب رنگ روغن کیا جائے تو مَدَنی گنبد کے ڈائزین کی ترکیب بنائی جائے۔

☆ ......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب ''**نمازکےاحکام**'' 100 بار پڑھیں تو بھی کم ہے۔

☆ ......گناہوں کی نحوست سے دل کی کالک بڑھتی ہےاور دل سخت ہوتا ہے۔

☆ ......**اللہ تعالیٰ** ہمیں ظلم اور گناہ کرنے سے بچائے۔

☆ ......سفر سے واپسی پر گھر والوں کے لیے تحفہ (Gift) لے جانا سنت ہے، تحفے کے طور پر مکتبۃ المدینہ کے کتب ورسائل لے جائیں تو مدینہ مدینہ۔

☆ ......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ ''**مختصر منہاج العابدین**'' ایسی کتاب ہے کہ پڑھنے والے کی تقدیر سنوار دے۔ یہ اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے استاذ حضرت شیخ سیّد احمد بن زینی دَحلان مکّی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی عربی کتاب کا اردو ترجمہ ہے۔

☆ ......مسلمان کو راحت دینی چاہیے، جو مسلمان تکلیف میں ہو، اس کی تکلیف دور کی جائے۔

☆ ......**اللہ تعالیٰ** ہم سب کو اپنے والدین کی احسان فراموشی سے محفوظ فرمائے۔

☆ ......فساد اور جھگڑوں کا ایک اہم سبب، مال و دولت بھی ہے۔

☆ ......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رسالہ ''**مالِ وراثت میں خیانت نہ کیجئے**'' ہر گھر کی ضَرورت ہے۔ اِسے پڑھ کر آپ کی آنکھیں کُھل جائیں گی۔

☆ ......پوری قوم پوری زکوٰۃ نکالے اور حقداروں تک پہنچے تو کم اَز کم پاکستان میں غربت ختم ہو جائے۔

☆ ......اِیصالِ ثواب کے لیے جو کھانا تیار کر کے نیاز کی ترکیب بنائی جاتی ہے، وہ جاری رہے، اسے غریب، اَمیر سب کھا سکتے ہیں اَلبتہ نیاز کا کچھ حصّہ کچّے اَناج مثلاً دالوں، چاول وغیرہ اور پھل کی صورت میں غریبوں

کے گھر میں پہنچائیں، اس سے ان کو زیادہ فائدہ ہوگا اور دُعائیں بھی ملیں گی۔

☆ ......کھچڑا کھانے کے لیے مضبوط ہاضِمہ چاہیے۔

☆ ......سیّد غریب ہوں یا امیر اُن کی نیاز مندانہ خدمت کی جائے۔ ڈاکٹر حضرات ان کا مفت یا آدھی رقم پر عِلاج کریں اور تاجر انہیں مفت یا آدھی قیمت پر چیزیں پیش کریں۔

۷ محرم الحرام ۱۴۳۸ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	9 اکتوبر 2016ء

☆ ......عام طور پر ٹریفک کے قوانین ہمارے لیے مفید ہوتے ہیں، ان پر عمل کرنے سے ہماری جان کا تحفظ ہوتا ہے۔

☆ ......لاکھوں لاکھ اہلِ اسلام میرے ساتھ وابستہ اور محبت کرنے والے ہیں۔

☆ ......مکتبۃ المدینہ کی شائع کردہ کتاب **"شرحِ شجرہ قادریہ رضویہ عطاریہ"** بہترین کتاب ہے۔

☆ ......**اللہ تعالٰی** ہماری تاجر برادری کو رَحم دل بنائے، یہ کسی غریب گاہک یا سیّد زادے کو خوش کرنے کے لیے مفت سودا دے دیا کریں۔

☆ ......ہم بندوں پر رَحم کریں، پروردگار عزوجل ہم پر رَحم کرے گا۔

☆ ......غیر مسلم کو بھی دھوکا دینا جائز نہیں۔

☆ ......تاجر نیّت کریں کہ شریعت کے مطابق تجارت کریں گے اور تجارت کے بارے میں علمِ دین بھی حاصل کریں گے۔ (تجارت کے مسائل سے آگاہی کے لیے دعوتِ اسلامی کے دارالافتا اہلسنّت سے رجوع کیجئے۔)

☆ ......علما ہمارے سر کے تاج ہیں۔

☆ ......ہم مسلمان ہیں، ہماری منزل آخرت ہے۔

۸ محرم الحرام ۱۴۳۸ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	10 اکتوبر 2016ء

☆ ......بزرگانِ دین کے اَعراس کے دن بابرکت ہوتے ہیں۔

☆ ......واقعۂ کربلا، سننا ثواب کا کام ہے، اولاد کو بھی اس سے آگاہ کیجئے۔اس سے ان کے دل میں اہلِ بیت کی محبت بڑھے گی نیز اللہ تعالیٰ اور دِین کے لیے قربانی کا جذبہ بھی ملے گا۔اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

☆ ......آسانی اس میں ہے کہ باپ یا گھر کا سرپرست گھر میں جو کھلونے اور کھانے کی چیزیں لائے تو اس کا مالک خود رہے، بچّوں کو کھلونے کھیلنے یا چیزیں کھانے کے لیے دے۔(خریدتے وقت بچوں کی نیّت سے خریدنے کے بجائے اپنی ملکیت کی نیت کرے)

☆ ......شبِ عاشورہ اور یومِ عاشورہ نوافل پڑھیے، دُرُود شریف کی کثرت کیجئے اور زیادہ سے زیادہ نیک اَعمال بجالائیے۔

☆ ......میرا گھر عرسِ اعلیٰ حضرت اور ربیع الاول کے اِستقبال کے لیے 25 صفر المظفر کو ہی سجادیا جاتا ہے

☆ ......کسی وفات پر یہ کہنا کہ ''وہ مرگیا ہے'' ناپسندیدہ ہے بلکہ یہ کہنا چاہئے وہ اِنتقال کرگیا یا وِصال کرگیا ہے۔

☆ ......مَدَنی مذاکرے میں شرکت کرنا علمِ دین حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اور علمِ دین حاصل کرنا عبادت ہے

۹ محرم الحرام ۱۴۳۸ھ	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	11،اکتوبر 2016ء

☆ ......عاشقانِ رسول علما کے پیچھے چلیں گے تو ٹھوکر نہیں کھائیں گے۔

☆ ......دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول سے مضبوطی سے جمے رہیں۔12 مَدَنی کاموں میں مضبوط رہیں گے تو گمراہوں اور دھوکا دینے والوں سے بچ جائیں گے۔

☆ ......عوام کی قبروں کو کچّا رکھنا چاہیے، اَلبتہ اولیائے کرام اور صالحینِ اُمَّت کی قبروں پر ماربل وغیرہ لگانا اچھا ہے تاکہ صاحبِ مزار کی قبر عوام میں نمایاں ہو اور لوگ ان سے فیض پائیں۔

☆ ......کسی غریب کی مدد کریں تو کسی کے سامنے اس کا اِظہار نہ کریں، ہوسکتا ہے اس طرح اِظہار کرنے سے اس سفید پوش کا دل دکھ جائے۔

☆ ......یومِ عاشورہ بہت مقدس، بابرکت اور عبادت کرنے کا دن ہے۔

www.dawateislami.net

☆......ہم پہلے نَمازی پھر نیازی ہیں یعنی نَماز بھی پڑھتے ہیں اور نیاز بھی کھاتے ہیں۔

☆......سوشَل میڈیا (Social Media) پر مذہبی اَبحاث میں شرکت نہ کی جائے، لاعلمی یا کم علمی سے نقصان کا اندیشہ ہے۔

☆......ہمیں لوگوں کے عیب اُچھالنے والا نہیں، عیب چھپانے والا ہونا چاہیے۔

☆......حضرت امامِ حسین (رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے **اللہ** عَزَّوَجَلَّ کے دِین کے لیے دنیا کی دولت کو ٹھوکر ماردی، ہمیں بھی دین کو دُنیا پر فوقیت دینی چاہیے۔

١٠ محرم الحرام **١٤٣٨ھ**	مدنی مذاکرہ (بعدِ عشاء)	12، اکتوبر 2016ء

☆......ماہِ رَمضان تمام مہینوں کا سردار ہے۔

☆......ہمارے معاشرے میں گناہوں بھرے اِسراف کی کثرت ہے، **اللہ تعالیٰ** ہمیں اس سے بچائے۔

☆......مکتبۃ المدینہ کا شائع کردہ رِسالے **"کپڑے پاک کرنے کا طریقہ"** کا ضَرور مطالعہ کریں۔

☆......مسجد کی دریوں کے اَحکام کا مدنی گلدستہ تیار کر کے مجلس فیضانِ مدینہ کو دیا جائے اور مجلس فیضانِ مدینہ اپنے اَراکین اور فیضانِ مدینہ کے خدّام وغیرہ کے ساتھ اسے غور سے دیکھیں اور اس کے مطابق عمل کی کوشش کریں۔

☆......یا **اللہ** عَزَّوَجَلَّ! جو 12 دن کا مَدَنی کورس کرے، وہ 12 مرتبہ مدینہ دیکھے۔

☆......جسمانی مشقت کا کام کرنے والے حلوہ پوری اور پراٹھا کھا سکتے ہیں۔ لیکن جو وزنی (Heavy) کام نہیں کرتا وہ نہ کھائے کہ یہ چیزیں جلد ہضم نہیں ہوتیں، ان سے صحت خراب ہوسکتی ہے۔

☆......12 روزہ مَدَنی کورس کے بجائے **12 دن کا مَدَنی کورس** اور 3 روزہ مَدَنی قافلہ کہنے کے بجائے **3 دن کا مَدَنی قافلہ** کہا جائے۔

☆......جب کسٹم، ایئرپورٹ یا کسی بھی ایسے مقام پر جائیں، جہاں چیکنگ ہو تو بُرا منانے کے بغیر خاموشی سے چیک کروالیا جائے ورنہ پریشانی کا سامنا ہوسکتا ہے۔

www.dawateislami.net